17

# بِیہو

ہندوستان کے شُمال مَشرق میں کئی ریاستیں ہیں۔اُن ریاستوں میں آسام بھی ہے ۔ہندوستان کے اس علاقے میں کئی طرح کے تہوار منائے جاتے ہیں ۔ان میں ایک مشہور ''بیہو'' بھی ہے ۔



بیہو کو آسام کا سب سے بڑا تہوار مانا جاتا ہے ۔اس میں بچے ،جوان ،بوڑھے سب شامل ہوتے ہیں ۔اس تہوار میں کسی طرح کا بھید بھاؤ نہیں برتا جاتا ۔ یہ تہوار سال میں تین بار منایا جاتا ہے۔تینوں کے الگ الگ نام بھی ہیں — بوہاگ بیہو، ماگھ بیہو، کاتی بیہو ۔اِن تینوں میں بوہاگ بیہو سب سے زیادہ دھوُم دھام سے منایا جاتا ہے ۔ہم یہاں آپ کو بوہاگ بیہو کے بارے میں بتائیں گے۔



اپریل کے مہینے میں گرمی شروع ہوجاتی ہے لیکن آسام میں پیڑ پودے تروتازہ رہتے ہیں ۔ہَوا پھولوں کی مہک سے بھر جاتی ہے ۔جنگلوں اور پہاڑوں میں چڑیوں کی چہچہاہٹ گونجنے لگتی ہے۔لوگ خوشی سے ناچنے گانے لگتے ہیں۔ بوہاگ آسام کا پہلا مہینہ بھی ہے۔ لوگ اِس موقعے پر پوجا پاٹ کرتے ہیں۔اپنی خوشی اور چین کے لیے دعائیں مانگتے ہیں۔

تہوار بوہاگ بیہو کے موسم میں تیز ہوائیں چلتی ہیں ۔لوگ یہ مانتے ہیں کہ ''بَردے چِلّا'' نام کی ایک عورت اپنے میکے آتی ہے ۔اُسی کی وجہ سے تیز ہوا چلتی ہے ۔ تیز ہوا کے ساتھ پانی برستا ہے ۔بیہو کے ساتھ ہی کھیتی باڑی شروع ہوجاتی ہے ۔

اِس تیوہار کے پہلے دن صُبح سویرے گھریلو جانوروں کو نہلا دُھلا کر صاف ستھرا کرتے ہیں۔ گایوں کے پیر دھوتے ہیں۔ان کے سینگوں اور کھُروں میں تیل لگاتے ہیں ۔کبھی کبھی گایوں کو پھولوں سے سجاتے بھی ہیں۔ ان گایوں کو پاس کے تالاب یا ندی پر لے جاتے ہیں ۔کسی خاص پیڑ کی ٹہنی سے دِھیرے دِھیرے ان جانوروں کو مارتے بھی جاتے ہیں ۔بانس کے کھوکھلے ٹکڑے میں بگن ،گھیا اور دوسری سبزیاں رکھ کر ان گایوں پر پھینکتے جاتے ہیں۔ساتھ میں گیت بھی گاتے رہتے ہیں ۔

تہوار کے دوسرے دن سب ایک دوسرے سے ملتے ہیں ۔دوستوں اور رِشتہ داروں سے ملاقات کرنے ان کے گھر جاتے ہیں۔اس موقعے پر خاص طرح کے کھانے پینے کا انتظام ہوتا ہے۔ زیادہ تر چیوڑا، دہی اور مٹھائی کھلانے کا رواج ہے ۔رومال اور گمچھا بھی تحفہ کے طور پر دیا جاتا ہے۔ یہ آپس کی محبت اور مِیل جول کو ظاہر کرتا ہے۔بچّے اس دن تحفے پاکر بہت خوش ہوتے ہیں۔تحفوں کے لین دین کو ''بِہو ان'' کہتے ہیں۔

بِہو کے تیسرے دن مذہبی جلسہ ہوتا ہے ۔اس کے بعد پھر ساتویں دن سات طرح کی سبزیاں بنائی جاتی ہیں ۔سب مل جُل کر کھاتے ہیں۔اُسے ''ہات ساک'' کہا جاتا ہے ۔بِہو کے موقعے پر کئی طرح کے کھیل بھی ہوتے ہیں ۔ایک ایسا کھیل بھی ہے جس میں دو آدمی حصّہ لیتے ہیں ۔دونوں کے ہاتھ میں انڈے ہوتے ہیں اور دونوں ایک دوسرے پر وار کرتے ہیں۔ کچھ لوگ کبڈّی اور گیند کھیلتے ہیں۔عورتیں زیادہ تر کوڑیوں سے کھیلتی ہیں ۔گاؤں کے جوان اور ادھیڑ عمر کے لوگ جھُنڈ بنا کر آنگن میں ناچتے گاتے ہیں ۔اصل ناچنے والا بیچ میں ہوتا ہے جس کے چاروں طرف دوسرے ناچنے والے ہوتے ہیں ۔



بِہو کے موقعے پر میلہ بھی لگتا ہے۔مختلف علاقوں میں اس میلے کے الگ الگ نام ہوتے ہیں ۔ بِہو آسام کا ایک ایسا تہوار ہے جو شہر اور گاؤں دونوں میں خوب دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

# مشق

## لفظ اور معنی

ریاست : صوبہ

بھید بھاؤ : فرق

گمچھا : بڑا رومال

وار کرنا : حملہ کرنا

## غور کیجیے:

- ہندوستان میں جس طرح عید، دیوالی، ہولی، کرسمس جیسے تہوار منائے جاتے ہیں، اسی طرح ہندوستان کے شمال مشرقی علاقے میں 'بیہو' منایا جاتا ہے۔ ہر تہوار کی اپنی ایک اہمیت ہوتی ہے۔ سارے تہوار ہمارے ملک کی ایکتا کو ظاہر کرتے ہیں۔

## سوچیے، بتائیے اور لکھیے:

1۔ بیہو ہندوستان کے کس علاقے کا تہوار ہے؟

2۔ بیہو تہوار کی کتنی قسمیں ہیں، ان کے نام لکھیے؟

3۔ بوہاگ بیہو کس مہینے میں منایا جاتا ہے؟

4۔ اس تہوار پر کھانے پینے کا کیا انتظام ہوتا ہے؟

5۔ بیہوان کسے کہتے ہیں؟

© NCERT not to be republished



## پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے:

1۔ بیہو کو آسام کا سب سے بڑا تہوار مانا جاتا ہے۔

2۔ ہَوا پھولوں کی مہک سے بھر جاتی ہے۔

3۔ تیز ہَوا کے ساتھ پانی برستا ہے۔

اِن جملوں میں ''مانا جاتا ہے''، ''بھر جاتی ہے''، ''برستا ہے'' اِن سے ظاہر ہوتا ہے کہ کام جاری ہے۔ ایسے فعل کو ''فعل حال'' کہتے ہیں۔

| وہ فعل جو موجودہ زمانے میں کیا جارہا ہو اس کو ''فعل حال'' کہتے ہیں۔ |
|---|

- نیچے لکھے ہوئے جملوں سے 'فعل حال' چُن کر خالی جگہ میں لکھیے:

1۔ لوگ اِس موقعے پر پوجا پاٹ کرتے ہیں۔ ..........................................

2۔ خوشی اور چین کے لیے دعائیں مانگتے ہیں۔ ..........................................

3۔ اُسی کی وجہ سے تیز ہوا چلتی ہے۔ ..........................................

4۔ کچھ لوگ کبڈّی اور گیند کھیلتے ہیں۔ ..........................................



## اِن جملوں کو سبق کے مطابق صحیح لفظوں سے پُر کیجیے:

1۔ اِس تہوار میں کسی طرح کا.................نہیں برتا جاتا۔

2۔ بوہاگ بیہو سب سے زیادہ.................سے منایا جاتا ہے۔

3۔ ہوا پھولوں کی.................سے بھر جاتی ہے۔


4۔ بوہاگ آسام کا.................مہینہ بھی ہے۔

5۔ بچّے اس دن تحفے پا کر بہت.................ہوتے ہیں۔

© NCERT not to be republished


'کافی کپ' میں دیے گئے لفظوں کے متضاد 'آئس کریم کون' میں ہیں۔ ان کے صحیح جوڑ بنا کر نیچے خانوں میں لکھیے:




| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الف | | | | | | | | | | |
| ب | | | | | | | | | | |

نیچے دیے ہوئے نئے سال کے 'مبارک باد' کارڈ میں رنگ بھریے:



© NCERT not to be republished



## نیچے دیے ہوئے لفظوں کو صحیح خانوں کے مطابق لکھیے :

| تذکیر | تانیث |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

پہاڑ پانی چین مَوسم دعا

چڑیا مہینہ نام کھیتی صُبح

سینگ خوشی سال ہَوا

جنگل مہک گرمی

تہوار رِیاست بھید بھاؤ



## بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے :

مَشرق علاقے بھید بھاؤ دھُوم دھام چہچہاہٹ

© NCERT not to be republished